خطبہ جمعہ (ثانیہ)

ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ مَٰلِكِ يَوۡمِ ٱلدِّينِ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُوْلِهِ الْأَمِيْنِ وعَلَى آلِهِ وأَصْحَابِهِ أَجْمَعِيْنَ أَمَّا بَعْدُ!

فأَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ قُوٓاْ أَنفُسَكُمۡ وَأَهۡلِيكُمۡ نَارٗا وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلۡحِجَارَةُ عَلَيۡهَا مَلَٰٓئِكَةٌ غِلَاظٞ شِدَادٞ لَّا يَعۡصُونَ ٱللَّهَ مَآ أَمَرَهُمۡ وَيَفۡعَلُونَ مَا يُؤۡمَرُونَ ٦﴾ وقَالَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿يَوۡمَ يَفِرُّ ٱلۡمَرۡءُ مِنۡ أَخِيهِ ٣٤ وَأُمِّهِۦ وَأَبِيهِ ٣٥ وَصَٰحِبَتِهِۦ وَبَنِيهِ ٣٦ لِكُلِّ ٱمۡرِيٕٖ مِّنۡهُمۡ يَوۡمَئِذٖ شَأۡنٞ يُغۡنِيهِ ٣٧﴾ وقَالَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿إِنَّ ٱللَّهَ وَمَلَٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى ٱلنَّبِيِّۚ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ صَلُّواْ عَلَيۡهِ وَسَلِّمُواْ تَسۡلِيمًا ٥٦﴾ اللهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ على خاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلَى الْخُلَفاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ وعُمَرَ الْفَارُوْقِ وَعثمَانَ بِنْ عَفَّانٍ وَعَلِيْ أَبِيْ طَالِبٍ وَعَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَعَلَى سَائِرِ الصَّحابَةِ والتَّابِعِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ رِضْوَانُ اللهِ تَعَالَى عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ. اللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ عِبَادَ اللهِ رَحِمَكُمُ اللهُ ﴿إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُ بِٱلۡعَدۡلِ وَٱلۡإِحۡسَٰنِ وَإِيتَآيِٕ ذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَيَنۡهَىٰ عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِ وَٱلۡبَغۡيِۚ يَعِظُكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ ٩٠﴾ وَلَذِكْرُ اللهِ تَعَالَى أَعْلَى وَأَكْبَرُ وَاللهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ.

"تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، جو تمام کائنات کا رب ہے، بے انتہا مہربان رحم والا اور یوم جزا کا مالک ہے، اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو اس کے رسول امین محمد ﷺ پر اور آپ کے تمام آل اور اصحاب پر۔

بعد ازاں!

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بے انتہا مہربان اور رحم والا ہے۔ اللہ تعالی فرماتا ہے "اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہونگے جس پر نہایت تندخو اور سخت گیر فرشتے مقرر ہونگے جو کبھی اللہ کے حکم کی نافرنی نہیں کرتے اور جو حکم بھی انہیں دیا جاتا ہے بجالاتے ہیں" دوسری جگہ فرمایا "اس روز آدمی اپنے بھائی اور اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا۔ ان میں سے ہر شخص پر اس دن ایسا وقت آپڑے گا کہ اسے اپنے سوا کسی کا ہوش نہ ہو گا" ایک دوسرے مقام پر فرمایا" وہ اللہ ہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دیکر بھیجا ہے تاکہ اسے پورے جنس دین پر غالب کر دے خواہ مشرکوں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو" ارشاد الٰہی ہے" اللہ اور اس کے ملائکہ نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو، اے اللہ تو خاتم النبیین محمد ﷺ کے یدایت یاب خلفائے راشدین ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان بن عفان، علی بن ابی طالب، ازواج نبی یعنی امہات المومنین اور تمام صحابہ و تابعین پر سلامتی نازل فرما اور ان لوگوں پر بھی رحمت کا نزول فرما جو روز قیامت تک ان کی اتباع کرتے رہینگے۔ اے اللہ! تو ان سے راضی ہو جا۔ اے اللہ! اس شخص کی مدد کر جس نے حضرت محمد ﷺ کے لائے ہوئے دین کی مدد کی ہے اور ہم کو انہیں میں سے بنادے اور اس شخص کو رسوا کر جس نے حضرت محمد ﷺ کے لائے ہوئے دین کو رسوا اور پسپا کرنے کی کوشش کی اور ہمیں ان میں ہرگز شامل نہ کرنا۔ اے اللہ کے بندو! اللہ تم پر رحم فرمائے ارشاد باری تعالی ہے "اللہ عدل، احسان اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے اور بدی و بے حیائی اور ظلم وزیادتی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم سبق لو" اور اللہ کا ذکر بلند اور بہت بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔